انا مدینۃ العلم و علیٌّ بابھا

سلسلۂ نصابِ تعلیمِ تنظیم المکاتب

# امامیہ دینیات

TANZEEMUL MAKATIB E_LIBRARY







## درجۂ اوّل

تنظیم المکاتب

ہندوستان

اَنَا مَدِیْنَۃُ الْعِلْمِ وَ عَلِیٌّ بَابُھَا

سلسلۂ نصابِ تعلیمِ تنظیم المکاتب

# امامیہ دینیات

درجۂ اول

TANZEEMUL MAKATIB E_LIBRARY

شائع کردہ

تنظیمُ المکاتب

ہندوستان

| | |
|---|---|
| نام کتاب | امامیہ دینیات (اول) |
| کمپوزنگ اور ڈزائننگ | علی مہذب نقوی خرد |
| ماہ و سنہ طباعت | مارچ ۲۰۱۷ء |
| تعداد | بیس ہزار |
| ناشر | تنظیم المکاتب لکھنؤ۔ ہندوستان |
| قیمت | ₹ 30/- |

TANZEEMUL MAKATIB E_LIBRARY

تمام نشریات و مطبوعات ادارۂ تنظیم المکاتب کے جملہ حقوق طباعت بحق ادارۂ تنظیم المکاتب محفوظ ہیں۔ بغیر اجازت کل یا جز کی اشاعت پر قانونی چارہ جوئی لکھنؤ عدالت میں کی جاسکتی ہے۔ ادارہ

# فہرست


| نمبر شمار | اسباق | صفحہ |
|---|---|---|
| ۱ | خدا | ۷ |
| ۲ | توحید | ۸ |
| ۳ | نماز | ۹ |
| ۴ | اسلام | ۱۱ |
| ۵ | روزہ | ۱۲ |
| ۶ | صفات ثبوتیہ | ۱۴ |
| ۷ | صفات سلبیہ | ۱۵ |
| ۸ | حج | ۱۶ |
| ۹ | عدل | ۱۸ |
| ۱۰ | زکوٰۃ | ۲۰ |
| ۱۱ | خمس | ۲۲ |
| ۱۲ | قیامت | ۲۴ |
| ۱۳ | جہاد | ۲۶ |
| ۱۴ | نبوت | ۲۷ |
| ۱۵ | نبی، رسول، اولوالعزم | ۲۹ |
| ۱۶ | امر بالمعروف | ۳۰ |
| ۱۷ | نہی عن المنکر | ۳۱ |
| ۱۸ | آسمانی کتابیں | ۳۲ |
| ۱۹ | امامت | ۳۴ |
| ۲۰ | تولا۔تبرا | ۳۶ |
| ۲۱ | اہل البیتؑ | ۳۸ |
| ۲۲ | بارہ امامؑ | ۴۰ |
| ۲۳ | چودہ معصومؑ | ۴۱ |
| ۲۴ | ہمیں کیا کرنا چاہیے | ۴۲ |
| ۲۵ | سورۃ الناس | ۴۴ |
| ۲۶ | ترجمۂ سورۂ ناس | ۴۵ |
| ۲۷ | سورۃ الفلق | ۴۶ |
| ۲۸ | ترجمۂ سورۂ فلق | ۴۷ |
| ۲۹ | سورۃ العصر | ۴۸ |
| ۳۰ | ترجمۂ سورۂ عصر | ۴۹ |
| ۳۱ | سورۃ القریش | ۵۰ |
| ۳۲ | ترجمۂ سورۂ قریش | ۵۱ |
| ۳۳ | سورۃ الانشراح | ۵۲ |
| ۳۴ | ترجمۂ سورۂ انشراح | ۵۳ |


TANZEEMUL MAKATIB E_LIBRARY

# ہدایات برائے معلمین و معلمات

- سبق کی عبارت خود نہ پڑھیں بلکہ بچوں سے باری باری پڑھوائیں پھر سمجھائیں۔
- سبق پڑھانے کے بعد بچوں سے ایسے سوالات کئے جائیں جنکے ذریعہ وہ سبق کے مفہوم کو سمجھ کر اپنے الفاظ میں بیان کریں۔
- صرف سبق کے بعد لکھے ہوئے سوالات کے جوابات یاد کرانے پر اکتفا نہ کریں۔ بلکہ سبق سے مزید سوالات تلاش کر کے بچوں کو جواب لکھائیں نہیں بلکہ سکھائیں۔
- امتحان میں سبق سے کوئی بھی سوال پوچھا جا سکتا ہے چاہے وہ کتاب میں موجود نہ ہو۔
- عملی مسائل مثلاً وضو، تیمم، غسل و نماز وغیرہ کی عملی تعلیم ضرور دیں۔ صرف زبانی طریقہ نہ یاد کرائیں۔
- بعض مدرسین ابتدائی درجات کے اسباق بچوں کو رٹا دیتے ہیں نتیجۃً بچے پہچان کر اور سمجھ کر نہیں پڑھتے۔ لہٰذا اس سے گریز کریں۔ خاص کر اردو اور عربی قاعدہ میں یہ صورتحال دیکھنے کو ملتی ہے۔ لہٰذا اردو اور عربی قاعدہ میں حروف اور الفاظ کی با قاعدہ شناخت کرائیں۔ پڑھانے کے بعد درمیان درمیان سے الفاظ پڑھوائیں۔
- یہ بھی دیکھنے میں آیا ہے کہ بعض مدرسین ابتدائی درجات کے اسباق یاد کرانے کے لئے کلاس کے سارے بچوں کو کچھ دوسرے بچوں کے حوالہ کر دیتے ہیں۔ یہ طریقہ مناسب نہیں ہے اور اصول تدریس کے خلاف ہے۔ ہر سبق خود مدرس کو پڑھانا چاہیے یہاں تک کہ کلمہ، اذان واقامت اور سوروں وغیرہ کو بھی مدرس ہی یاد کرائے تا کہ آغاز سے ہی غلط یاد نہ کریں۔ کیونکہ بعد میں درست ہونا مشکل ہوتا ہے۔

TANZEEMUL MAKATIB E_LIBRARY

# عرض تنظیم

جس طرح ادارۂ تنظیم المکاتب کا قیام بانیٔ تنظیم مولانا سید غلام عسکری اعلیٰ اللہ مقامہ کی انفرادی سوچ کا نتیجہ تھا۔ اُسی طرح مکاتب امامیہ کے لئے نصاب تعلیم کی تشکیل بھی انکی فکر یگانہ کی دین تھی۔ نصاب کی ترتیب میں ان کے ساتھ تجربہ کار علماء، اہل قلم اور ماہرین تعلیم شامل تھے، جسکا نتیجہ یہ ہوا کہ آج سے تقریباً ۵۰ سال پہلے ۵ سال سے ۱۲ سال کے بچوں کے لئے عالم تشیع کا پہلا دینی نصاب عالم وجود میں آیا جو آج تک بے مثل و بے نظیر ہے۔

جس طرح ادارہ کے قیام کے بعد متعدد علاقائی ادارے عالم وجود میں آئے چاہے وہ معیار برقرار نہ رکھ سکے ہوں جو ادارۂ تنظیم المکاتب نے قائم کیا تھا۔ اُسی طرح متعدد نصاب تعلیم بھی معرض وجود میں آچکے ہیں۔ اگرچہ زیادہ تر ادارۂ تنظیم المکاتب کے نصاب کو الٹ پھیر کرکے پیش کیا گیا ہے اور اگر کچھ ندرت پیدا کرنے کی کوشش کی گئی ہے تو نہ بچوں کی زبان باقی رہ سکی ہے اور نہ سن و سال کے لحاظ سے مضامین کی ترتیب برقرار رہی ہے۔ بعض نصابی کتب ایسی بھی شایع ہوئی ہیں جن میں تصاویر، مثالیں اور زبان بھی ایسی ہے جو مومنین ہند کے مزاج و احساس پر گراں گذرتی ہے۔

TANZEEMUL MAKATIB E_LIBRARY

ادارہ نے اپنی نصابی کتب میں ہمیشہ اس بات کا خیال رکھا کہ کم سے کم قیمت میں کتابیں بچوں تک پہنچ سکیں رنگین طباعت اور آرٹ پیپر کے بجائے نارمل کاغذ، بلیک اینڈ وہائٹ طباعت کراکے کتب شائع کی گئیں۔ مگر بعض جوہر ناشناس افراد نے شور کرنا شروع کردیا کہ تنظیم المکاتب کا نصاب بہت قدیم ہے، اس کو بدل دیا جانا چاہئے۔ جبکہ ایسا نہیں تھا کہ ۵۰ سال پہلے کا نصاب من و عن شائع ہو رہا ہو بلکہ ہر بار طباعت سے قبل حتی الامکان نظر ثانی کرکے تجدید کردی جاتی تھی۔

ادارہ بھی عرصہ سے اس ضرورت کا احساس کر رہا تھا کہ بچوں کی نصابی کتب کی ظاہری شکل و صورت بھی ایسی ہونا چاہیئے جو اسکولوں کی کتابوں کی طرح جاذب نظر اور دیدہ زیب ہو مگر ایسا کرنے سے قیمت میں کئی گنا اضافہ تردد کا شکار کئے ہوئے تھا۔ لیکن جب یہ محسوس ہوا کہ صرف ظاہری شکل و صورت کو دیکھ کر نصاب تعلیم کے قدیم ہونے کا پروپگنڈہ اطفال قوم کو ایک اچھے نصاب تعلیم سے محروم کردے گا۔ تو یہ فیصلہ لیا گیا کہ رنگین اور باتصویر نصاب شایع کیا جائے جس کے لئے ڈزائننگ کے ساتھ پھر سے کمپوزنگ کرائی گئی جس پر کافی اخراجات آئے ہیں۔ اس لئے کتابوں کی قیمت میں کئی گنا اضافہ ہو رہا ہے امید ہے کہ سرپرست حضرات اسے برداشت کریں گے۔

## جدید اشاعت میں حسب ذیل امور پر خصوصی توجہ دی گئی ہے

- تمام اسباق جدید ترین معلومات اور نظریات پر مشتمل ہوں، مثالیں عصر حاضر سے ہم آہنگ ہوں تا کہ بچہ آسانی سے سمجھ سکے۔

اسباق میں ایسی تصاویر شامل ہوں جو اسباق کے سمجھنے میں بچوں کی مددگار ہوں اور سبق کے پیغام کو بچے کے ذہن تک منتقل کر دیں۔

- جہاں ضرورت محسوس ہوئی وہاں زبان میں بھی تبدیلی کی گئی ہے اور حتی الامکان سخت الفاظ کو آسان الفاظ میں بدلنے کی کوشش کی گئی ہے۔
- بعض ایسے موضوعات پر اسباق شامل کئے گئے ہیں جن پر نصاب محیط نہیں تھا۔ اسی طرح بعض موضوعات پر حسب ضرورت اسباق کا اضافہ کیا گیا ہے۔
- ہر کتاب کے ساتھ مشق کی کاپی (Exercise Book) بھی تیار کی گئی ہے۔ ان کاپیوں کی اشاعت بھی انشاءاللہ نصاب کی اشاعت مکمل ہونے کے بعد آہستہ آہستہ کی جائے گی۔
- نصاب میں دینیات کی [illegible] کے اسباق کو الگ الگ کر دیا گیا تھا۔ موجودہ ترتیب میں ان موضوعات کو مخلوط جیسی شکل دی گئی ہے تا کہ ایک تو بچہ ایک ہی طرح کا موضوع پڑھتے پڑھتے تکان اور بددلی نہ محسوس کرے نیز امتحان میں ایک ہی موضوع پر کامیاب ہونے بھر کے نمبر حاصل کر کے باقی موضوعات سے ناواقف نہ رہ جائے۔ بلکہ ہر موضوع پر اس کے ذہن میں کچھ نہ کچھ معلومات آ جائیں۔
- ذوق تعلیم وتدریس رکھنے والے مومنین بالخصوص علماء کرام اور مدرسین عظام سے گذارش ہے کہ مکاتب امامیہ کے نصاب کو بہتر بنانے کے لئے اپنی تجاویز سے مطلع فرمائیں۔ آپ کی تجاویز ہمارے لئے مشعل راہ ہیں۔

TANZEEMUL MAKATIB E_LIBRARY

والسلام

(سید صفی حیدر)

سکریٹری

۱۵ جمادی الاولیٰ ۱۴۳۶ھ

## پہلا سبق

# خدا



■ یہ مکتب کس نے بنایا؟

■ مزدوروں نے



■ یہ کتاب کس نے لکھی؟

■ ایک پڑھے لکھے آدمی نے

TANZEEMUL MAKATIB E_LIBRARY



■ یہ قلم کس نے بنایا؟

■ کارخانے والوں نے

✸ اس کا مطلب یہ ہے کہ کوئی چیز بغیر بنانے والے کے نہیں بن سکتی۔

■ تو پھر اس دنیا کا پیدا کرنے والا کون ہے؟

■ اللہ




■ کیا اللہ اور خدا الگ الگ ہیں؟

■ اللہ اور خدا دونوں ایک ہی ذات کے دو نام ہیں

## دوسرا سبق

# توحید









- کیا ساری دنیا کا پیدا کرنے والا ایک ہے؟
  - بیشک ایک ہے۔
- خدا دو کیوں نہیں ہو سکتے؟
  - دو کام کرنے والوں میں سے ایک دوسرے کا محتاج ہوتا ہے اور جو محتاج ہو وہ بندہ ہوتا ہے خدا نہیں ہوتا۔

TANZEEMUL MAKATIB E_LIBRARY

- اگر دو خدا ہوتے تو کیا ہوتا؟
  - دونوں کی رائے میں اختلاف ہوتا اور ساری دنیا تباہ ہو جاتی۔
- کیا خدا میں کوئی برائی ہو سکتی ہے؟
  - ہرگز نہیں کیونکہ برائی عیب ہے اور خدا ہر عیب سے پاک ہے۔

تیسرا سبق

# نماز

## نماز کیا ہے؟

مسلمان کی پہچان اور اللہ کی بندگی کا سب سے اچھا طریقہ۔

TANZEEMUL MAKATIB E_LIBRARY

## نماز کا فائدہ کیا ہے؟

نمازی سے خدا اور رسولؐ خوش رہتے ہیں، اس کے گھر میں برکت ہوتی ہے اور وہ جنت کا حقدار ہوتا ہے۔



## نماز نہ پڑھنے کا نقصان کیا ہے؟

نماز نہ پڑھنے والے سے اللہ اور رسولؐ ناراض رہتے ہیں اور وہ سچا مسلمان نہیں ہوتا۔

## نماز کس کو پڑھنا چاہئے۔

نماز سب کو پڑھنا چاہئے۔

نماز ۱۵ سال کے لڑکے اور ۹ سال کی لڑکی پر واجب ہو جاتی ہے

روزانہ کتنی نمازیں واجب ہیں؟

پانچ

صبح | ظہر | عصر | مغرب | عشاء


یہ کتنی کتنی پڑھی جائیں گی؟

- صبح کی دو رکعت
- ظہر کی چار رکعت
- عصر کی چار رکعت
- مغرب کی تین رکعت

TANZEEMUL MAKATIB E_LIBRARY

- عشاء کی چار رکعت

کل سترہ (١٧) رکعت۔





## چوتھا سبق

# اسلام



ہم کس دین کے ماننے والے ہیں؟

■ اسلام کے

کیا اسلام کے علاوہ بھی کوئی سچا دین ہے؟

■ نہیں

TANZEEMUL MAKATIB E_LIBRARY

ہم اسلام ہی کو کیوں مانتے ہیں؟

■ کیونکہ اسے بندوں نے نہیں، خدا نے بنایا ہے۔

ہمیں اسلام کس سے ملا؟

■ اپنے نبی حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے۔




اسلام ہمارے نبیؐ کے بعد کس طرح باقی رہا؟

■ نبیؐ کے بعد اس کو ہمارے بارہ اماموںؑ نے بچایا۔

کیا آج بھی کوئی امام ہے؟

■ جی ہاں! بارہویں امامؑ پردۂ غیب میں ہیں۔

اللہ، رسولؐ اور امامؑ کے ماننے والے کو کیا کہتے ہیں؟ ■ مؤمن

## پانچواں سبق

# روزہ



TANZEEMUL MAKATIB E_LIBRARY

- روزہ کیا ہے؟

■ صبح کی اذان سے مغرب تک اللہ کے حکم سے کھانا پینا وغیرہ چھوڑ دینا۔

- روزہ کس مہینہ میں واجب ہوتا ہے؟

■ ماہ رمضان میں۔

- کیا ہر مسلمان کو روزہ رکھنا چاہیے؟

■ ہاں۔لیکن اگر بیمار ہو یا سفر کر رہا ہو تو نہیں رکھ سکتا۔لیکن بیماری سے ٹھیک ہونے اور سفر سے واپسی کے بعد قضا واجب ہوگی۔

- روزہ کا فائدہ کیا ہے؟

■ اللہ خوش ہوتا ہے،ثواب ملتا ہے،تندرستی بنتی ہے اور ارادہ کو قوت ملتی ہے۔

- روزہ نہ رکھنے والوں کا کیا ہوگا؟

■ توبہ کرنے کے ساتھ دنیا میں ایک ایک روزے کے بدلے ۶۱۔۶۱ روزے رکھنا پڑیں گے۔ ورنہ مرنے کے بعد جہنم میں جائیں گے۔

- کیا سب کو اتنے ہی روزے رکھنا پڑیں گے؟

■ نہیں! بیماری یا سفر کی وجہ سے جس کے روزے چھوٹ گئے ہیں اسے عید کے بعد ایک کے بدلے ایک ہی روزہ رکھنا ہوگا۔

- ماہ رمضان کے مکمل ہونے کے بعد کیا کرنا چاہیئے؟

■ فطرہ دے کر دو رکعت نماز عید پڑھنا چاہیئے

TANZEEMUL MAKATIB E_LIBRARY

- عید کیا ہے؟

■ ماہ رمضان کے ختم ہونے کے بعد ماہ شوال کا پہلا دن۔



# چھٹا سبق

## صفاتِ ثبوتیّہ

■ خدا میں پائی جانے والی اچھائیوں کو صفاتِ ثبوتیّہ کہتے ہیں۔

● ساری اچھائیاں خدا میں پائی جاتی ہیں، اُنہیں گنا نہیں جا سکتا۔ ان اچھائیوں میں آٹھ سب سے مشہور ہیں:

TANZEEMUL MAKATIB E_LIBRARY

| | | |
|---|---|---|
| ۱ | قدیم | یعنی ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گا۔ |
| ۲ | قادر | یعنی ہر کام کر سکتا ہے۔ |
| ۳ | عالم | یعنی ہر بات جانتا ہے۔ |
| ۴ | حَیّ | یعنی ایسا زندہ ہے جس کو کبھی موت نہیں آئے گی۔ |
| ۵ | مُدرِک | یعنی بغیر آنکھ کان کے دیکھتا اور سنتا ہے۔ |
| ۶ | مُرید | یعنی جو چاہے کرے جو چاہے نہ کرے۔ |
| ۷ | مُتَکَلِّم | یعنی بغیر زبان کے بولتا ہے۔ |
| ۸ | صادِق | یعنی سچا ہے۔ |

## ساتواں سبق

# صفاتِ سلبیّہ

وہ باتیں جو خدا میں نہیں پائی جاتی ہیں انہیں صفات سلبیّہ کہتے ہیں مثلاً:

وہ مُرکَّب نہیں یعنی کسی سے مل کر نہیں بنا ہے۔



اس کا کوئی جسم نہیں

TANZEEMUL MAKATIB E_LIBRARY

وہ لامکان ہے۔ وہ ہر جگہ موجود ہے۔

وہ حُلول نہیں کرتا یعنی کسی چیز میں نہیں آ سکتا۔

وہ مَرئی نہیں۔ یعنی دکھائی نہیں دیتا۔


وہ مَحَلِّ حوادِث نہیں یعنی اُس میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی۔

اس کا کوئی شریک اور ساتھی نہیں ہے۔

اس کے صفات اس کی ذات سے الگ نہیں ہیں یعنی اُس کی ذات اور صفت ایک ہے۔

آٹھواں سبق

# حج



TANZEEMUL MAKATIB E_LIBRARY

## حج کیا ہے؟

- اللہ کے گھر کے پاس ایک خاص عبادت کا نام۔

## اللہ کا گھر کہاں ہے؟

- مکہ میں جسے کعبہ کہتے ہیں۔

## یہ عبادت کب ہوتی ہے؟

- ذی الحجہ کی ۹ ۱۰ ۱۱ ۱۲ تاریخ کو۔

## لوگ حج کو کیوں جاتے ہیں؟

- اللہ کا حکم ہے۔ اس کے گھر کی زیارت ہے۔ گناہوں کی مغفرت ہے۔ بے حد ثواب ہے۔

## حج کس پر واجب ہوتا ہے؟

- جس کے پاس مکہ تک جانے کا خرچ ہو اور جانے میں کوئی رکاوٹ بھی نہ ہو۔

## کیا حج ہر سال واجب ہوتا ہے؟

- نہیں۔ زندگی میں صرف ایک مرتبہ واجب ہوتا ہے، اس کے بعد مستحب ہے۔

## اگر کوئی واجب حج کئے بغیر مر جائے؟

- اس کی موت مسلمان کی موت نہیں ہوگی۔ بلکہ وہ یہودی یا عیسائی کی موت مرے گا۔

TANZEEMUL MAKATIB E_LIBRARY



# نواں سبق



- یزید کیوں بدنام ہے؟
  - کیونکہ وہ ظالم تھا۔
- ظالم کسے کہتے ہیں؟

TANZEEMUL MAKATIB E_LIBRARY

  - ناحق اور بُرے کام کرنے والے کو ظالم کہتے ہیں۔
- ظالم سے لوگ محبت کرتے ہیں یا نفرت؟
  - ظالم سے لوگ نفرت کرتے ہیں۔



- کیا ظالم انصاف کرسکتا ہے؟
  - نہیں۔
- کیا خدا ظالم ہے؟
  - ہرگز نہیں کیونکہ ظلم ایک بری صفت ہے اور خدا میں کوئی برائی نہیں پائی جاتی۔

خدا کا ظلم سے پاک ہونا کیوں ضروری ہے؟

خدا کو قیامت کے دن انصاف کرنا ہے اور ظالم انصاف نہیں کرسکتا۔

خدا کیسا ہے؟

خدا عادل ہے۔ خود انصاف کرتا ہے اور سب کو انصاف کا حکم دیتا ہے۔

TANZEEMUL MAKATIB E_LIBRARY



## دسواں سبق

# زکوٰۃ









### زکوٰۃ کیا ہے؟

- خدانے مال میں غریبوں کا جو حصہ رکھا ہے اسے زکوٰۃ کہتے ہیں۔

TANZEEMUL MAKATIB E LIBRARY

### کیا زکوٰۃ واجب ہے؟

- ہاں شرطیں پوری ہوں تو بہت سی چیزوں پر زکوٰۃ واجب ہو جاتی ہے۔

### زکوٰۃ کا فائدہ کیا ہے؟

- دینے والے کے مال میں برکت ہوتی ہے اور غریبوں کی پریشانی دور ہوتی ہے۔

### زکوٰۃ کس چیز پر واجب ہے؟

- سونے کے سکے
- چاندی کے سکے
- جو
- گیہوں

کشمش ■ کھجور ■ اونٹ ■ گائے ■ بھیڑ بکری











**کتنے غلہ کی پیداوار پر زکوۃ واجب ہے؟**

■ ۸۴۷ کلو یا اس سے زیادہ پر

**کیا روپئے پیسے پر زکوۃ واجب نہیں ہے؟**

■ نہیں، اس پر خمس واجب ہوتا ہے۔

**غریبوں کو عید کے دن جو غلہ یا پیسہ دیا جاتا ہے اسے کیا کہتے ہیں؟**

■ یہ فطرہ ہے۔ اسے بھی زکوۃ کہتے ہیں۔ اس کا نکالنا بھی واجب ہے۔

TANZEEMUL MAKATIB E_LIBRARY

## گیارہواں سبق

# خُمس



### خمس کیا ہے؟

آمدنی کا پانچواں حصہ جس کا نکالنا حکم خدا کی بنا پر واجب ہے۔

TANZEEMUL MAKATIB E_LIBRARY



### خمس کس پر واجب ہے؟

خمس ہر مسلمان پر واجب ہے۔

### خمس کب واجب ہوتا ہے؟

سال کے آخری دن بچے ہوئے پیسے اور سامان پر۔




### خمس کسے دیا جاتا ہے؟

**اس کے دو حصے کئے جاتے ہیں:**




- ایک حصہ غریب سادات کا ہوتا ہے۔
- دوسرا حصہ امام علیہ السلام کا۔

## امامؑ کا حصہ کسے دیا جائے گا؟



- نائب امامؑ کو۔

## نائب امامؑ کون ہوتا ہے؟

- فَقِیہ اور اَعْلَمِ وقت۔



## نائب امامؑ خمس کا کیا کرے گا؟

- دین اور قوم کے تمام کام انجام دے گا۔

TANZEEMUL MAKATIB E_LIBRARY




- دین کی تبلیغ اور قوم کی ضرورتوں کا انتظام کرے گا۔
- مذہب کی حفاظت کا اہتمام کرے گا۔

## اگر کوئی آدمی خمس نہ دے تو؟

- امامؑ اور سادات کے حق کا غاصب کہا جائے گا اور وہ امامؑ کا سچا دوست نہیں ہو سکتا۔

## جس نے اب تک خمس نہ نکالا ہو وہ کیا کرے؟

- حاکِمِ شَرعْ کے حکم کے مطابق حساب کرکے نکال دے اور خدا سے توبہ کرے تاکہ خدا معاف کردے۔

## بارھواں سبق

# قیامت



▪ قیامت کیا چیز ہے؟

• قیامت وہ دن ہے جس دن اچھے کام کرنے والوں کو جزا اور برے کام کرنے والوں کو سزا دی جائے گی۔

TANZEEMUL MAKATIB E_LIBRARY

▪ یہ دن کب آئے گا؟

• ساری دنیا کے مٹ جانے کے بعد۔

▪ جب دنیا مٹ جائے گی تو کیا ہوگا؟



• خداوند عالم دوبارہ سب کو زندہ کرے گا اور ان کے اچھے برے کاموں کا حساب کرے گا۔

▪ حساب کیا چیز ہے؟

• اچھائی اور برائی کو دیکھنا اور اس پر عذاب وثواب دینا

## عذاب وثواب کیا ہے؟

- قیامت کی سزا کو عذاب اور وہاں کی جزا کو ثواب کہتے ہیں۔

## عذاب اور ثواب میں کیا ملے گا؟

- عذاب اللہ کی ناراضگی اور ثواب اللہ کی رضامندی ہے۔ اللہ کی ناراضگی کا نتیجہ جہنم اور اللہ کی رضامندی کا نتیجہ جنت ہے۔

TANZEEMUL MAKATIB E_LIBRARY



## تیرہواں سبق

# جہاد




■ **جہاد کسے کہتے ہیں؟**

■ رسولؐ، امامؑ یا نائب امامؑ کی اجازت سے دین کے دشمنوں سے جو لڑائی ہوتی ہے اسے جہاد کہا جاتا ہے۔

TANZEEMUL MAKATIB E_LIBRARY

■ **کیا دین کو بچانے کے لئے لڑائی ضروری ہے؟**

■ ہاں، جب دین کے دشمن جنگ پر تل جائیں تو لڑائی ضروری ہو جاتی ہے۔

■ **جہاد میں رسولؐ، امامؑ یا نائب امامؑ کی اجازت کیوں ضروری ہے؟**

■ تاکہ ناحق خون نہ بہے اور ہر ایک اپنی مرضی سے دوسروں کی جان لیتا نہ پھرے۔



■ **اگر دشمن حملہ کرے تو؟**

■ اپنے بچاؤ کے لئے مقابلہ کرنا واجب ہوگا۔

■ **جہاد میں مرجانے والوں کا کیا ہوگا؟**

■ وہ شہید ہو جائیں گے۔

■ اور ہمیشہ زندہ رہیں گے۔

■ انھیں اللہ سے روزی ملے گی اور بہترین ثواب کے حقدار ہوں گے۔

## چودھواں سبق

# نُبُوَّت



- ہم کہاں سے آئے؟

خدا کے یہاں سے۔

- ہمیں کہاں جانا ہے؟

خدا کی بارگاہ میں

TANZEEMUL MAKATIB E_LIBRARY

- ہمیں کس طرح جینا ہے؟

جس طرح خدا چاہے۔

- خدا کا حکم کس طرح معلوم ہوگا؟

نبی کے ذریعہ۔

- نبی کو کون بناتا ہے؟

اللہ


- نبی کون ہوتا ہے؟

نبی وہ ہوتا ہے جسے خداوند عالم انسانوں کی ہدایت کے لئے بھیجتا ہے۔

## ہم میں اور نبی میں کیا فرق ہے؟

- ہم جاہل پیدا ہوتے ہیں وہ عالم پیدا ہوتا ہے۔
- ہم سے غلطی ہوتی ہے اس سے غلطی نہیں ہوتی۔
- ہم میں کمزوریاں ہیں اس میں کمزوریاں نہیں ہوتیں ۔
- وہ ہماری طرح راستہ بتانے والے کا محتاج نہیں ہوتا۔ بلکہ وہ سبکو راستہ بتاتا ہے۔

TANZEEMUL MAKATIB E_LIBRARY



# پندرہواں سبق

## نبی، رسول، اولوالعزم




- کیا سارے نبی ایک جیسے ہیں؟
- نہیں! کچھ بڑے نبی ہیں کچھ چھوٹے۔
- ان کو کیا کہا جاتا ہے؟
- نبی رسول اولوالعزم

TANZEEMUL MAKATIB E_LIBRARY

- نبی کون ہوتا ہے؟
- جس کے پاس اللہ کا دیا ہوا علم ہوتا ہے اور وہ پاک و پاکیزہ زندگی گذارتا ہے۔
- رسول کون ہوتا ہے؟
- جو اللہ کی طرف سے بندوں کی ہدایت کے لئے بھیجا جاتا ہے اور بندوں کو اللہ کی طرف لے جاتا ہے۔
- اولوالعزم رسول کون ہیں؟
- وہ رسول جو اللہ کی طرف سے کتاب اور شریعت لے کر آئے۔
- اولوالعزم رسولوں کے نام بتاؤ؟
- حضرت نوحؑ حضرت ابراہیمؑ حضرت موسیٰؑ حضرت عیسیٰؑ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

## سولھواں سبق

# اَمرُ بِالمَعرُوف

**امر بالمعروف کا کیا مطلب ہے؟**

اچھے کام نہ کرنے والے کو اچھے کاموں کے لے تیار کرنا اور اچھائی کے راستے سے الگ رہنے والے کو راستہ پر لانا امر بالمعروف کہلاتا ہے۔

TANZEEMUL MAKATIB E_LIBRARY

**کیا امر بالمعروف واجب ہے؟**

ہاں! امر بالمعروف ہر مسلمان پر واجب ہے۔

**امر بالمعروف کیوں واجب ہے؟**

کیونکہ جس طرح اندھے کو راستہ نہ بتانا، اندھیرے میں روشنی نہ دکھانا ایک جرم ہے اسی طرح نیکیوں کی راہ پر نہ ڈالنا اور دنیا کو اچھے راستہ پر نہ لانا بھی ایک گناہ ہے۔

**جو لوگ صرف اپنے ثواب کی فکر کرتے ہیں اور دوسروں کو سیدھے راستے پر نہیں لاتے وہ کیسے ہیں؟**

ایسے لوگ خودغرض ہیں اور خودغرضی بہت بری چیز ہے۔

## ستر ہواں سبق

# نہی عَنِ الْمُنکَر

**کوئی آدمی گڑھے میں گرنے والا ہو یا دریا میں ڈوب رہا ہو تو کیا کرنا چاہئے؟**

- گڑھے میں گرنے والے کو بتانا چاہئے کہ یہاں گڑھا ہے۔ دریا میں ڈوبنے والے کو نکالنے کی کوشش کرنا چاہئے۔

TANZEEMUL MAKATIB E_LIBRARY

**جو لوگ کسی کو گڑھے میں گرنے اور دریا میں ڈوبنے سے نہ بچائیں وہ لوگ کیسے ہیں؟**

- ایسے لوگ بہت برے ہیں اور جسے معلوم ہوگا انھیں برا کہے گا۔

**ذرا غور کرکے بتاؤ کہ گڑھے میں گرنا اور دریا میں ڈوبنا زیادہ برا ہے یا برائیوں میں پھنسنا؟**

- یقیناً برائیوں میں پھنسنا زیادہ برا ہے، کیونکہ گرنے والے اور ڈوبنے والے کی صرف دنیا خراب ہوتی ہے اور برائیوں میں پھنسنے والے کی دنیا بھی خراب ہوتی ہے اور آخرت بھی۔

**جو لوگ اپنے بچوں، گھر والوں اور ہم مذہب لوگوں کو برائیوں سے نہ روکیں وہ کیسے لوگ ہیں؟**

- ان لوگوں سے بھی برے ہیں جو کسی کو گڑھے میں گرنے دیں یا دریا میں ڈوبنے دیں۔

یاد رکھو! دوسروں کو برائی سے روکنا نہی عن المنکر کہلاتا ہے۔

# اٹھارواں سبق

## آسمانی کتابیں



- کیا اللہ نے ہدایت کے لئے صرف نبی اور رسول بھیجے ہیں؟
  - نہیں اس نے صحیفے اور کتابیں بھی نازل کی ہیں۔
- اللہ نے کتنے صحیفے بھیجے اور کتنی کتابیں نازل کیں؟

TANZEEMUL MAKATIB E_LIBRARY

  - اللہ نے بہت سی کتابیں اور صحیفے نازل کئے۔
- اللہ کی نازل کی ہوئی کتابیں کون کون سی ہیں؟
  - توَرَیت | زَبور | اِنجیل | قرآن



- توریت کس پر نازل ہوئی؟
  - حضرت موسیٰ علیہ السلام پر
- زبور کس پر نازل ہوئی؟
  - حضرت داوٗد علیہ السلام پر
- انجیل کس پر نازل ہوئی؟
  - حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر


- اور قرآن کس پر نازل ہوا؟
- حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر
- قرآن کے ماننے والوں کو کیا کہتے ہیں؟
- مُسلِم
- باقی کتابوں کے ماننے والوں کو کیا کہتے ہیں؟
- اَہلِ کتاب۔
- وہ کتابیں کیا ہوگئیں؟
- ان کا زمانہ ختم ہوگیا اور اُنھیں اُن کے ماننے والوں نے بدل ڈالا۔

TANZEEMUL MAKATIB E_LIBRARY

- قرآن کیوں باقی رہ گیا؟
- یہ ہدایت کی آخری کتاب ہے۔ اور اسے قیامت تک باقی رہنا ہے۔
- اس کی حفاظت کی ذمہ داری خدا نے لی ہے اور اسے اہل بیتؑ رسولؐ نے بچایا ہے۔

## انیسواں سبق

# امامت



- کیا آخری نبی کے بعد ہادی کی ضرورت نہیں ہے؟
- کیوں نہیں؟

TANZEEMUL MAKATIB E_LIBRARY

- تو پھر آخری رسولؐ کے بعد امامت کا رہنما کون ہے؟
- اہل البیت علیہم السلام یعنی حضرت محمد مصطفیٰؐ حضرت علی مرتضیٰعؑ، حضرت فاطمہ زہراؑ اور ان کی نسل سے گیارہ امامؑ
- امامؑ کتنے ہیں؟
- بارہ
- انھیں امامؑ کس نے بنایا؟
- خدا نے
- یہ بات ہمیں کیسے معلوم ہوئی؟
- یہ بات ہمیں رسولؐ اکرم نے بتائی۔

- رسولؐ کے بعد اماموں کو کیسے پہچانا؟

- اللہ اور رسولؐ نے بتایا، ان کے علم و کمال نے پہچنوایا۔

- اگر کوئی شخص امام کو نہ مانے تو؟

- اس کی موت اسلام پر نہیں بلکہ جاہلیّت پر ہوگی اور اس کا ٹھکانا جہنم ہوگا۔

- کیا ہر زمانے میں امام کا ہونا ضروری ہے؟

- بیشک!
  - کیونکہ امام دین کا ذمہ دار ہوتا ہے۔ • امام ہی سے ہدایت ملتی ہے

TANZEEMUL MAKATIB E_LIBRARY

  - امام سے ہی دنیا باقی ہے۔
  - امام ہی کے ذریعہ خدا پہچانا جاتا ہے۔



# بیسواں سبق

# تولّا ۔ تبرّا



TANZEEMUL MAKATIB E_LIBRARY

## تولّا کیا ہے؟

- اچھے لوگوں سے محبت کرنا۔ اور ان کی اچھائیوں کو اپنانا۔

## تبرّا کیا ہے؟

- برے لوگوں سے نفرت کرنا۔ اور برائیوں سے خود کو بچانا۔

## اچھے لوگ کون ہیں؟

- جو ہمیشہ اللہ کا حکم مانتے ہیں اور اس کی نافرمانی نہیں کرتے۔

## برے لوگ کون ہیں؟

- جو اللہ کا حکم نہیں مانتے اور اس کی نافرمانی کرتے ہیں۔

## سب سے اچھے کون لوگ ہیں؟

- رسولؐ خدا اور ان کے اہل البیتؑ۔ جن میں کسی طرح کی کوئی برائی نہیں۔

## سب سے برے لوگ کون ہیں؟

- رسولؐ خدا اور اہل البیتؑ کے دشمن اور ان حضرات سے الگ رہنے والے۔

## تولّا اور تبرّا کا فائدہ کیا ہے؟

- اچھے لوگوں کی محبت سے زندگی اچھی بنتی ہے اور برے لوگوں کی نفرت برائی سے بچاتی ہے۔

## تولّا اور تبرّا کا طریقہ کیا ہے؟

TANZEEMUL MAKATIB E_LIBRARY

- اچھے بندوں جیسا عمل کرنا اور برے لوگوں کی برائیوں سے بچنا۔

## کیا تولّا اور تبرّا صرف مدح وثنا یا لعنت کرنے کا نام ہے؟

- نہیں، بلکہ تولّا کے لئے اچھے عمل کرنا اور تبرّا کے لئے برے عمل سے بچنا ضروری ہے۔





# اکیسواں سبق

## اہل بیتؑ










### اہل بیتؑ کون ہیں؟

حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم حضرت علی مرتضیٰؑ حضرت فاطمہ زہراؑ اور ان کی نسل میں گیارہ امام۔

TANZEEMUL MAKATIB E_LIBRARY

### انھیں اہل البیتؑ کیوں کہا جاتا ہے؟

اس لئے کہ آیت تطہیر میں ان حضرات کی عصمت وطہارت کا اعلان کرتے ہوئے اللہ نے انھیں اہل البیتؑ کہا۔

### اہل البیتؑ اور اہل بیتؑ میں کیا فرق ہے؟

اہل بیتؑ اردو اور فارسی لفظ ہے اور اہل البیتؑ عربی۔

### آیت تطہیر کہاں نازل ہوئی؟

حضرت فاطمہ زہراؑ کے گھر میں جب اہل البیتؑ چادر میں جمع ہوئے۔

### یہ چادر کس کی تھی؟

یہ جناب فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا کی چادر تھی۔

**جب آیۂ تطہیر نازل ہوئی اس وقت حضرت فاطمہ زہراؑ کی چادر میں اہلبیتؑ میں سے کتنے اور کون کون حضرات موجود تھے ؟**

- پانچ: رسول خداؐ | حضرت علیؑ مُرتضٰی | حضرت فاطمہ زہراؑ | حضرت امام حسنؑ | حضرت امام حسینؑ

- انھیں حضرات کو خَمسَۂ نُجَبَاء اور پنجتن پاک بھی کہتے ہیں۔

**آیت تطہیر قرآن کی کون سی آیت ہے؟**

- قرآن مجید کے ۳۳ ویں سورے یعنی سورۂ احزاب کی ۳۳ ویں آیت ہے۔

**آیت تطہیر کے نازل ہونے کا واقعہ کس نام سے مشہور ہے؟**

- حدیثِ کِساء کے نام سے۔

**اس واقعہ کو حدیث کساء کیوں کہتے ہیں؟**

TANZEEMUL MAKATIB E_LIBRARY

- حدیث کساء کے معنی ہیں چادر کا واقعہ۔ چونکہ جب آیۂ تطہیر نازل ہوئی اُس وقت سب حضرت فاطمہؑ کی چادر میں جمع تھے اس لئے اس واقعہ کا نام حدیث کساء پڑ گیا۔

**یہ واقعہ ہمیں کیسے معلوم ہوا؟**

- حضرت فاطمہ زہراؑ کے بیان سے۔

**کیا اہل بیتؑ کی بَرَکت سے دعا قبول ہوتی ہے؟**

- بیشک! ان کے وسیلہ سے انبیاء کی دعائیں قبول ہوئی ہیں اور انھیں پیغمبروںؑ نے واسطہ بنایا ہے۔



# بائیسواں سبق

## بارہ امام علیہم السّلام

۱ حضرت علیؑ بن ابی طالب علیہ السّلام

۲ حضرت حسنؑ بن علی علیہ السّلام

۳ حضرت حسینؑ بن علی علیہ السّلام

۴ حضرت علیؑ بن الحسین علیہ السّلام

TANZEEMUL MAKATIB E_LIBRARY

۵ حضرت محمّدؑ بن علی علیہ السّلام

۶ حضرت جعفرؑ بن محمّد علیہ السّلام

۷ حضرت موسٰیؑ بن جعفر علیہ السّلام

۸ حضرت علیؑ بن موسٰی علیہ السّلام

۹ حضرت محمّدؑ بن علی علیہ السّلام

۱۰ حضرت علیؑ بن محمّد علیہ السّلام

۱۱ حضرت حسنؑ بن علی علیہ السّلام

۱۲ حضرت حُجّۃ بن الحسن عجّل اللہ تعالیٰ فرجہٗ

# تیئیسواں سبق

## چودہ معصومؑ

معصوم کسے کہتے ہیں؟

جس سے کسی طرح کی کوئی غلطی نہیں ہوتی اوراس کی پوری زندگی پاک و پاکیزہ ہوتی ہے۔

چودہ معصومؑ کون ہیں؟

TANZEEMUL MAKATIB E_LIBRARY

حضرت محمد مصطفیٰؐ حضرت فاطمہ زہراؐ اور بارہ امام

یہ حضرات کیوں معصوم ہیں؟

انھیں اللہ نے ہدایت کے لئے بھیجا ہے۔ بھول گئے یا بھٹک گئے تو سارا دین برباد ہو جائے گا۔

چودہ معصومینؑ کے آپس میں رشتے کیا ہیں؟

حضرت رسولؐ خدا حضرت فاطمہ زہراؐ کے والد اور جناب فاطمہؑ حضرت علیؑ کی زوجہ۔ حضرت علیؑ حضرت امام حسنؑ اور حضرت امام حسینؑ کے والد ہیں اور باقی اماموںؑ میں ہر امام گزشتہ امامؑ کے فرزند ہیں۔

دنیا میں معصوم کتنے ہیں؟ کیا چودہ معصوموں کے علاوہ بھی معصوم ہیں؟

ہاں، سارے فرشتے، سارے نبیؑ، حضرت مریمؑ اور حضرت فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا بھی معصوم ہیں۔

# چوبیسواں سبق

## ہمیں کیا کرنا چاہئے؟









۱ اللہ کی عبادت کرنا چاہئے۔

۲ رسولؐ اور امامؑ کی اطاعت کرنا چاہئے۔

۳ ماں باپ کی خدمت کرنا چاہئے۔

TANZEEMUL MAKATIB E_LIBRARY

۴ بزرگوں کا ادب و احترام کرنا چاہئے۔

۵ سب کو سلام کرنا چاہئے۔

۶ استاد کی عزت کرنا چاہئے۔

۷ اپنا سبق یاد رکھنا چاہئے۔

۸ بھٹکے ہوئے کو راستے پر لگا دینا چاہئے۔

۹ اللہ کے نیک بندوں سے محبت کرنا چاہئے۔

۱۰ خدا اور رسولؐ کے دشمنوں سے نفرت کرنا چاہئے۔





۱۱ پابندی سے نماز پڑھنا چاہئے۔

۱۲ قرآن کی تلاوت کرنا چاہئے۔

۱۳ صاف ستھرا رہنا چاہئے۔

۱۴ غریبوں کا خیال رکھنا چاہئے۔

۱۵ کمزوروں کی مدد کرنا چاہئے۔

۱۶ چھوٹے بھائی بہنوں کو پیار کرنا چاہئے۔

TANZEEMUL MAKATIB E_LIBRARY

غرض کہ دین کے سارے ہدایات کی پابندی کرنا چاہئے۔



## پچیسواں سبق

# سُوْرَۃُ النَّاسِ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ﴿۱﴾

TANZEEMUL MAKATIB E_LIBRARY

مَلِكِ النَّاسِ ۙ﴿۲﴾ إِلٰهِ النَّاسِ ۙ﴿۳﴾

مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۥ ۙ الْخَنَّاسِ ۙ﴿۴﴾

الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ﴿۵﴾

مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ع ﴿۶﴾

# ترجمۂ سورۂ ناس

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عظیم اور دائمی رحمتوں والے خدا کے نام سے

اے رسول کہہ دیجئے کہ میں پناہ چاہتا ہوں

TANZEEMUL MAKATIB E_LIBRARY

سارے انسانوں کے پالنے والے

تمام لوگوں کے مالک

سارے انسانوں کے معبود کی

وسوسہ پیدا کرنے والے

چھپ چھپ کر بہکانے والے کے شر سے

جو لوگوں کے سینوں میں وسوسے پیدا کرتا ہے

جنوں میں سے ہو یا انسانوں میں سے

# چھبیسواں سبق

## سُورَةُ الْفَلَقِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ﴿۱﴾

TANZEEMUL MAKATIB E_LIBRARY

مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ﴿۲﴾

وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ إِذَا وَقَبَ ۙ﴿۳﴾

وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۙ﴿۴﴾

وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ إِذَا حَسَدَ ﴿۵﴾

# ترجمۂ سورۂ فلق

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عظیم اور دائمی رحمتوں والے خدا کے نام سے

TANZEEMUL MAKATIB E_LIBRARY
[illegible]

تمام مخلوقات کے شر سے

اور رات کی تاریکی چھا جانے پر لوگوں کے ساتھ برائی کرنے والے کے شر سے

اور گرہوں پر جھاڑ پھونک کرنے والیوں کے شر سے

اور ہر حسد کرنے والے کے شر سے جب بھی وہ حسد کرے

# ستائیسواں سبق

## سُوْرَةُ الْعَصْرِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالْعَصْرِ ۙ﴿۱﴾

TANZEEMUL MAKATIB E_LIBRARY

إِنَّ الْإِنْسَانَ لَفِيْ خُسْرٍ ۙ﴿۲﴾

إِلَّا الَّذِيْنَ آمَنُوْا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ
وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ ۙ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ﴿۳﴾ ع

# ترجمۂ سورۂ عصر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عظیم اور دائمی رحمتوں والے خدا کے نام سے

TANZEEMUL MAKATIB E_LIBRARY

قسم ہے عصر کی

بے شک انسان گھاٹے میں ہے

علاوہ ان لوگوں کے جو ایمان لائے اور انھوں نے نیک اعمال کئے اور

ایک دوسرے کو حق کی وصیت و نصیحت کی

حق پر جمے رہنے اور مشکلات کا سامنا کرنے کی تاکید کی

# اٹھائیسواں سبق

## سُوْرَۃُ الْقُرَیْشِ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ ﴿۱﴾ لا

TANZEEMUL MAKATIB E_LIBRARY

اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّیْفِ ﴿۲﴾ ج

فَلْیَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَیْتِ ﴿۳﴾ لا

الَّذِیْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ﴿۴﴾ ع

# ترجمۂ سورۂ قریش

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عظیم اور دائمی رحمتوں والے خدا کے نام سے

ہم نے ابرہہ کے لشکر کو تباہ کیا تاکہ قریش کو [illegible] کرنے کے لئے

TANZEEMUL MAKATIB E_LIBRARY

انھیں سردی اور گرمی کے سفر سے مانوس کرنے کے لئے

لہذا انھیں چاہئے کہ اس گھر کے پروردگار کی عبادت کریں

جس نے انھیں بھوک سے چھٹکارا دلایا اور امن وسکون کی

زندگی چھن جانے کے ڈر سے بچایا

# انتیسواں سبق

## سُوْرَةُ الِانْشِرَاحِ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

أَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۙ﴿١﴾

TANZEEMUL MAKATIB E_LIBRARY

وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ۙ﴿٢﴾

الَّذِیْٓ أَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۙ﴿٣﴾ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۗ﴿٤﴾

فَإِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۙ﴿٥﴾ إِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۗ﴿٦﴾

فَإِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۙ﴿٧﴾

وَإِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ﴿٨﴾

# ترجمۂ سورۂ انشراح

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عظیم اور دائمی رحمتوں والے خدا کے نام سے

کیا ہم نے آپ کے لئے آپ کے سینہ کو کشادہ نہیں کیا

TANZEEMUL MAKATIB E_LIBRARY

اور آپ پر سے آپ کے اس بوجھ کو اتار نہیں لیا جس نے آپ کی کمر توڑ رکھی تھی

اور آپ کے لئے آپ کی بات اور آپ کی یاد کو بلندی دے دی

ہاں بے شک ہر سختی اور تنگی کے ساتھ آسانی ہے

بے شک ہر سختی کے ساتھ آسانی ہے

لہذا جب آپ کسی بڑے کام سے فارغ ہو جائیں تو فوراً دوسرا بڑا کام شروع کر دیں

اور ہر حال میں اپنے رب کی طرف توجہ رکھیں

# امامیہ دینیات

## درجۂ اوّل

# IMAMIA DEENYAT

## Book One

TANZEEMUL MAKATIB E_LIBRARY

TANZEEMUL MAKATIB

- 28 Jagat Narain Road, Golaganj Lucknow 226018, U.P. India
- Ph. 0522-4080918,08090065982,09044065985
- Email.tanzeem@tanzeemulmakatib.org,
  makatib.makatib@gmail.com
- website:tanzeemulmakatib.org